احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 7 جولائی 2008ء

روزنامہ
# الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 7 جولائی 2008ء 3 رجب 1429 ہجری 7 / وفا 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 153

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یہ زمانہ بھی روحانی لڑائی کا ہے۔شیطان اپنے تمام ہتھیاروں اور مکروں کو لے کر (دین) کے قلعہ پر حملہ آور ہو رہا ہے اور وہ چاہتا ہے کہ (دین) کو شکست دے مگر خدا تعالیٰ نے اس وقت شیطان کی آخری جنگ میں اس کو ہمیشہ کے لئے شکست دینے کے لئے اس سلسلہ کو قائم کیا ہے۔مبارک وہ جو اس کو شناخت کرتا ہے اب تھوڑا زمانہ ہے ابھی ثواب ملے گا لیکن عنقریب وقت آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ کی سچائی کو آفتاب سے بھی زیادہ روشن کر دکھائے گا۔وہ وقت ہو گا کہ ایمان ثواب کا موجب نہ ہو گا اور توبہ کا دروازہ بند ہونے کے مصداق ہو گا۔اس وقت میرے قبول کرنے والے کو بظاہر ایک عظیم الشان جنگ اپنے نفس سے کرنی پڑتی ہے۔وہ دیکھے گا کہ بعض اوقات اس کو برادری سے الگ ہونا پڑے گا۔اس کے دنیاوی کاروبار میں روک ڈالنے کی کوشش کی جائے گی اس کو گالیاں سننی پڑیں گی۔لعنتیں سنے گا مگر ان ساری باتوں کا اجر اللہ تعالیٰ کے ہاں سے ملے گا۔

لیکن جب دوسرا وقت آیا اور اس زور کے ساتھ دنیا کا رجوع ہوا جیسے ایک بلند ٹیلہ سے پانی نیچے گرتا ہے اور کوئی انکار کرنے والا ہی نظر نہ آیا اس وقت اقرار کس پایہ کا ہو گا؟ اس وقت ماننا شجاعت کا کام نہیں ثواب ہمیشہ دکھ ہی کے زمانہ میں ہوتا ہے۔

حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قبول کر کے اگر مکہ کی نمبرداری چھوڑ دی تو اللہ تعالیٰ نے اس کو ایک دنیا کی بادشاہی دی۔پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بھی کمبل پہن لیا اور ہر چہ بادا باد، ماکشتی در آب انداختیم کا مصداق ہو کر آپ کو قبول کیا تو کیا خدا تعالیٰ نے ان کے اجر کا کوئی حصہ باقی رکھ لیا؟ ہر گز نہیں۔جو خدا تعالیٰ کے لئے ذرا بھی حرکت کرتا ہے وہ نہیں مرتا جب تک اس کا اجر نہ پالے۔حرکت شرط ہے۔ایک حدیث میں آیا ہے کہ اگر کوئی اللہ تعالیٰ کی طرف معمولی رفتار سے آتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف دوڑ کر آتا ہے۔

ایمان یہ ہے کہ کچھ مخفی ہو تو مان لے۔جو ہلال کو دیکھ لیتا ہے تیز نظر کہلاتا ہے لیکن چودھویں کے چاند کو دیکھ کر شور مچانے والا دیوانہ کہلائے گا۔

اس موقعہ پر مولانا مولوی عبد اللطیف صاحب کابلی نے عرض کی کہ حضور میں نے ہمیشہ آپ کو سورج ہی کی طرح دیکھا ہے کوئی امر مخفی یا مشکوک مجھے نظر نہیں آیا پھر مجھے کوئی ثواب ہو گا یا نہیں۔فرمایا:۔

آپ نے اس وقت دیکھا جب کوئی نہ دیکھ سکتا تھا۔آپ نے اپنے آپ کو نشانہ ابتلاء بنا دیا اور ایک طرح سے جنگ کے لئے تیار کر دیا۔اب بچ جانا یہ خدا کا فضل ہے۔ایک شخص جو جنگ میں جاتا ہے اس کی شجاعت میں تو کوئی شبہ نہیں اگر وہ بچ جاتا ہے اور اسے کوئی گزند نہیں پہنچتا تو یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔اسی طرح آپ نے اپنے آپ کو خطرات میں ڈال دیا اور ہر دکھ اور ہر مصیبت کو اس راہ میں اٹھانے کے لئے تیار ہو گئے اس لئے اللہ تعالیٰ آپ کے اجر کو ضائع نہیں کرے گا۔

(ملفوظات جلد سوم ص 16)

## حفاظت رسولؐ کے لئے

کفار مکہ نے ایک دفعہ مسجد حرام میں رسول اللہ ﷺ کو گھیر لیا اور ایک شخص نے آپ کی گردن میں چادر ڈال کر گلا گھونٹنا شروع کر لیا۔حضرت ابو بکرؓ روتے ہوئے آئے اور رسول اللہ کو چھڑایا تو دشمنوں نے انہیں پکڑ لیا اور ان کے سر اور داڑھی کے بال کھینچے اور پراگندہ حال میں ان کو چھوڑا۔

(سیرت ابن ہشام جلد 1 صفحہ 290 ذکر ما لقی رسول اللّٰہ من قومه)

## مدرسۃ الحفظ طلباء میں داخلہ

مدرسۃ الحفظ طلباء ربوہ میں داخلہ برائے سال 2008ء کیلئے درخواست وصول کرنے کی آخری تاریخ 10/اگست 2008ء ہے۔والدین سے درخواست ہے کہ وہ اپنے بچہ کے داخلہ کیلئے درخواست سادہ کاغذ پر ناظر صاحب تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے نام مندرجہ ذیل کوائف کے ساتھ ارسال کریں۔

☆ نام۔ولدیت۔تاریخ پیدائش۔ایڈریس مع ٹیلی فون نمبر (اگر ہو تو)

☆ برتھ سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ پرائمری پاس سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی (انٹرویو کے وقت اصل سرٹیفکیٹ ہمراہ لانا ضروری ہے)

☆ درخواست پر صدر/امیر جماعت کی تصدیق ضروری ہے۔

**اہلیت:**

☆ امیدوار کیلئے ضروری ہے کہ 31 جولائی 2008ء تک اس کی عمر 12 سال سے زائد نہ ہو۔

☆ امیدوار پرائمری پاس ہو۔

☆ امیدوار نے قرآن کریم ناظرہ صحت تلفظ کے ساتھ مکمل پڑھا ہو۔

**انٹرویو:**

☆ ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 16۔اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہو گا۔

☆ بیرون ربوہ کے امیدواران کا انٹرویو مورخہ 18,17۔اگست کو صبح 6:30 بجے مدرسۃ الحفظ میں ہو گا۔

انٹرویو کیلئے امیدواران کی لسٹ مورخہ 15۔ اگست کو دارالضیافت کے استقبالیہ میں اور مدرسۃ الحفظ کے گیٹ پر آویزاں کر دی جائے گی۔تمام امیدواران سے درخواست ہے کہ انٹرویو کیلئے آنے سے قبل اس بات کی تسلی کر لیں کہ ان کا نام لسٹ میں شامل ہے نیز مقررہ وقت پر تشریف لائیں۔

**عارضی لسٹ اور تدریس کا آغاز:** کامیاب امیدواران کی عارضی لسٹ مورخہ 20۔اگست 2008ء کو صبح 9:00 بجے مدرسۃ الحفظ اور نظارت تعلیم کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی جائے گی تدریس کا آغاز مورخہ 25۔اگست سے ہو گا حتمی داخلہ 31 دسمبر 2008ء کے بعد تسلی بخش تدریسی کارکردگی پر دیا جائے گا۔

نوٹ: انٹرویو کیلئے قواعد پر پورا اترنے والے امیدواران کو علیحدہ سے کوئی اطلاع نہیں بھجوائی جائے گی۔

نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ ربوہ پاکستان
پوسٹ کوڈ: 35460
فون: 047-6213322-047-6212473

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

# حضرت خلیفۃ المسیح الاول (حالات اور خدمات)

نمبر 4

**سوال**: حضور کے دور کے پہلے جلسہ سالانہ کا نقشہ کیا تھا۔
**جواب**: حضور کے دور کا پہلا جلسہ سالانہ دسمبر 1908ء میں ہوا۔ تقریباً 3 ہزار احمدیوں نے شرکت کی۔ جلسہ پر حضور کی دو تقاریر ہوئیں جو بعد میں "روحانی علوم" کے عنوان سے شائع ہوئیں۔
**سوال**: خلافت اولیٰ میں جو بزرگ لنگر خانہ کے مہتمم رہے ان کے نام لکھیں۔
**جواب**: (۱) حضرت حکیم فضل دین صاحب بھیروی (۲) حکیم محمد عمر صاحب (۳) حضرت قاضی خواجہ علی صاحب۔
**سوال**: 21 جنوری 1909ء کو حضور نے کونسی تحریک فرمائی۔
**جواب**: یتامیٰ، مساکین اور طلبہ کی امدادی تحریک۔
**سوال**: حضور نے "قوم اور انجمن دونوں کا خلیفہ مطاع ہے اور یہ دونوں خادم ہیں انجمن مشیر ہے" کب ارشاد فرمایا۔
**جواب**: 31 جنوری 1909ء کو نمائندگان کی شوریٰ میں۔
**سوال**: حضور نے مدرسہ احمدیہ کی بنیاد کب رکھی اور اس کے پہلے ہیڈ ماسٹر کون تھے۔
**جواب**: یکم مارچ 1909ء کو۔ حضرت مولوی سید سرور شاہ صاحب پہلے ہیڈ ماسٹر تھے۔
**سوال**: مدرسہ احمدیہ کی مستقل درسگاہ کی حیثیت سے کب بنیاد رکھی گئی۔
**جواب**: یکم مارچ 1909ء کو۔
**سوال**: اخبار "نور" کب جاری ہوا۔
**جواب**: اکتوبر 1909ء میں۔
**سوال**: نماز جمعہ میں احمدی مستورات نے پہلی بار شرکت کب کی۔
**جواب**: 21 جنوری 1910ء کو۔
**سوال**: حضور نے بیت اقصیٰ کی توسیع کے لئے اجتماعی وقار عمل میں کب شرکت کی۔
**جواب**: 11 مارچ 1910ء کو۔
**سوال**: خطبہ جمعہ میں پہلی بار آواز آگے پہنچانے کے لئے آدمی کب مقرر کئے گئے۔
**جواب**: 25 مارچ 1910ء کو۔
**سوال**: حضور نے کب اور کس طرح زلازل سے خبردار فرمایا۔
**جواب**: مارچ 1910ء میں حضور نے "الانذار" کے نام سے اعلان شائع کر کے زلازل سے خبردار فرمایا۔
**سوال**: حضور نے بیت نور قادیان کا افتتاح کب فرمایا۔
**جواب**: 23 اپریل 1910ء کو۔
**سوال**: حضور نے منصب خلافت سنبھالنے کے بعد پہلا سفر کب اور کہاں کا فرمایا۔
**جواب**: جولائی 1910ء میں ملتان کا۔
**سوال**: گھوڑے سے گرنے کا واقعہ کب پیش آیا۔
**جواب**: 18 نومبر 1910ء کو۔
**سوال**: بورڈنگ تعلیم الاسلام ہائی سکول کی عمارت کی بنیاد کس نے اور کب رکھی۔
**جواب**: حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل نے دسمبر 1910ء میں۔
**سوال**: حضور نے اپنی جگہ حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب کو صدر انجمن احمدیہ کا میر مجلس کب مقرر فرمایا۔
**جواب**: 2 دسمبر 1910ء کو۔
**سوال**: حضور نے حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب کے حق میں بطور امام کب وصیت تحریر فرمائی۔
**جواب**: 19 جنوری 1911ء کو۔
**سوال**: حضور نے کب اور کس کو اپنے خرچ پر سنسکرت پڑھانے کا اہتمام فرمایا۔
**جواب**: مارچ 1911ء میں حضور نے حضرت شیخ یعقوب علی صاحب کو اپنے خرچ پر سنسکرت پڑھانے کا اہتمام فرمایا۔
**سوال**: تقسیم بنگال کی تنسیخ کے متعلق حضرت مسیح موعود کا الہام کب پورا ہوا۔
**جواب**: 12 دسمبر 1911ء کو۔
**سوال**: انجمن مربیان کا قیام کب عمل میں آیا۔
**جواب**: فروری 1912ء میں۔

## شاملین دفتر اول تحریک جدید کے ورثاء کی توجہ کیلئے

❁ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ فرمودہ 5 نومبر 2004ء میں فرمایا:-

"تحریک جدید کے شروع کی جو قربانی کرنے والے ہیں ان کے کھاتوں کو تا قیامت زندہ رکھا جائے۔ ہمیشہ زندہ رکھا جائے اور ان کی اولادیں یہ کام اپنے سپرد لیں۔" (مطبوعہ الفضل 4 جنوری 2005ء)

اگر آپ تحریک جدید کے دفتر اول کے شاملین کی طرف سے چندہ ادا فرما رہے ہیں تو براہ کرم خاکسار کو اپنے مرحوم بزرگ کے کمپیوٹر کوڈ کے ساتھ اس کی اطلاع دیں تاکہ دفتری ریکارڈ مکمل رکھا جا سکے۔ شاملین دفتر اول تحریک جدید کے کمپیوٹر کوڈز کی کتاب ہر جماعت کے صدر کے پاس موجود ہے اور اگر آپ چندہ ادا نہیں فرما رہے تو اپنے پیارے امام ایدہ اللہ تعالیٰ کی تحریک پر لبیک کہتے ہوئے چندہ کی ادائیگی فرمائیں۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

## نمایاں اعزاز

❁ مکرم طارق محمود ملک صاحب صدر رونگ مجلس صحت تحریر کرتے ہیں۔

پنجاب کے مختلف اضلاع کے مابین مشین رونگ ٹورنامنٹ مورخہ 25 جون 2008ء کو لاہور میں منعقد ہوا جس میں کل آٹھ اضلاع کی ٹیموں نے شرکت کی۔ جس میں ربوہ کے 12 کھلاڑیوں نے ضلع جھنگ، ضلع سرگودھا اور ضلع فیصل آباد کی نمائندگی کی اور خدا تعالیٰ کے فضل سے مختلف کیٹیگریز میں حصہ لیتے ہوئے 7 کھلاڑیوں نے پہلی اور ایک کھلاڑی نے دوسری پوزیشن حاصل کی اور اسی کارکردگی کی بنیاد پر پنجاب کی ٹیم میں 10 کھلاڑی ربوہ سے سلیکٹ ہوئے۔

### اینٹی نارکوٹکس نیشنل رونگ چیمپین شپ 2008ء

یہ چیمپین شپ 26 تا 27 جون 2008ء لاہور میں منعقد ہوئی۔ جس میں پنجاب کی ٹیم میں کل 16 کھلاڑیوں میں سے 10 کا تعلق ربوہ سے تھا کل آٹھ ٹیموں نے شرکت کی اور پنجاب کی ٹیم نے اس چیمپین شپ میں دوسری پوزیشن حاصل کی محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے ربوہ کے کھلاڑی کی کارکردگی ٹورنامنٹ میں بہت اچھی رہی اور ان کھلاڑیوں نے 3 سلور اور دو نے برونز میڈل حاصل کئے۔ تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ عرفان احمد بشیر۔ اوپن ویٹ 2000 میٹر سلور میڈل
2۔ فیصل احمد۔ لائٹ ویٹ 500 میٹر سلور میڈل
3۔ فضل احمد بشیر احمد، مدثر احمد، احسان اللہ لائٹ ویٹ ٹیم 4x500 میٹر سلور میڈل
4۔ خرم شہزاد۔ لائٹ ویٹ 2000 میٹر۔ برونز
5۔ شہباز احمد، عدنان احمد، مرتضیٰ احمد، اوپن ویٹ ٹیم 4x500 میٹر۔ برونز

اللہ تعالیٰ یہ اعزاز سب کیلئے مبارک کرے۔

## ملازمت کے مواقع

❁ کیڈٹ کالج سانگھڑ میں چند آسامیوں کے لئے نوجوان درکار ہیں۔ رابطہ کیلئے 0235-548001-4:

ہائی ٹیک انجینئرنگ فیلڈ آف کمیونیکیشن سسٹم اینڈ ایروسپیس انسٹیٹیوٹ آف سپیس ٹیکنالوجی اسلام آباد میں داخلے شروع ہیں۔ انکوائری برائے داخلہ admissions@ist.deu.pk

انکوائری برائے آن لائن رجسٹریشن admissions@induction8402.com.pk

❁ ڈیسکن انجینئرنگ لمیٹڈ کو قطر میں چند آسامیوں کے لئے نوجوان درکار ہیں۔

رابطہ کیلئے:۔ ڈیسکن ہیڈ کوارٹرز 18 کلومیٹر فیروز پور روڈ لاہور فون 042-5990034 Ext 610

❁ جی ایچ تھاور اینڈ کمپنی کو Creative, Clint Service & Media سے منسلک آسامیوں کیلئے نوجوان درکار ہیں۔

رابطہ کیلئے: جی ایچ تھاور اینڈ کو C-71 بلاک 2 کلفٹن کراچی 75600 ghthaver@gmail.com

❁ کراچی میں واقع ایک ملٹی نیشنل ایف ایم سی جی کمپنی کو مختلف آسامیوں کے لئے نوجوان درکار ہیں۔

رابطہ کیلئے:۔ 16/B سندھ مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی۔ کراچی: 74400

E-Mail:recruitment.food@gmail.com

❁ Descon Oxychem Ltd لاہور کو اپنے مختلف ڈیپارٹمنٹ کیلئے نوجوان درکار ہیں۔

رابطہ کیلئے:۔ Descon Oxychem Ltd, HR Dept, 18Km, Lahore Sheikhupura Road, Lahore, careers@desconoxychem.com

❁ پاکستان میرین اکیڈمی میں داخلے شروع ہیں۔ درخواستیں جمع کروانے اور معلومات کے لئے پاکستان میرین اکیڈمی، ہاکس بے روڈ کراچی 75780:

فون 021-9241201-5 Ext: 216/245:

www.marineacademy.edu.pk

مزید معلومات کیلئے روزنامہ ڈان مورخہ 29 جون 2008ء ملاحظہ کریں۔

(نظارت صنعت وتجارت)

## دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

❁ مکرم منور احمد جہ صاحب نمائندہ مینیجر الفضل خریداران سے چندہ اور بقایا جات کی وصولی و توسیع اشاعت کیلئے خریدار بنانے اور اشتہارات کی ترغیب اور وصولی کیلئے سندھ کے دورہ پر ہیں۔ احباب کرام سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

مکرم عبدالقدیر قمر صاحب

# میری والدہ محترمہ گلنار بیگم صاحبہ

دنیا بھی اک سرا ہے
بچھڑے گا جو ملے گا
گر سو برس رہا ہے
آخر کو پھر جدا ہے

ہماری والدہ محترمہ گلنار بیگم صاحبہ اللہ تعالیٰ سے انتہائی پیار کرنے والی، رسول اللہ ﷺ کی عاشق۔ حضرت مسیح موعود کی محبت سے سرشار تھیں۔ جن کے دل میں خلفاء کی محبت بچپن سے ہی قادیان کی پاکیزہ فضاؤں میں رچائی گئی تھی۔

ہماری ماں! ہمارے لئے کیا تھی! ایک چھت، جس کے نیچے ہم پناہ لیتے تھے۔ ایک سایہ جس سے ہم لطف اٹھاتے تھے۔ ایک چشمہ شیریں جس سے ہم سیراب ہوتے تھے۔ دعاؤں کا ایک خزانہ! جو ہماری ضروریات کا متکفل ہوتا۔ جس نے ہمیں غموں سے دور اور فکروں سے آزاد کر رکھا تھا۔ جو خود تکلیف اٹھا کر ہمارے آرام کا خیال رکھتا اور خود جاگ کر ہمیں سونے کی تلقین کرتا۔

میری والدہ مکرمہ گلنار بیگم صاحبہ اور میرے ابو مکرم عبدالحمید صاحب میں بہت محبت تھی۔ مثالی جوڑا تھا۔ دونوں ایک دوسرے کا بہت خیال رکھتے۔ چونکہ زمیندار گھرانہ تھا۔ ابو کو کھیتوں میں جانا ہوتا تھا۔ اس لئے وقت پر ناشتہ، کھانا اور دوسری ضروری اشیاء کا پہلے سے بندوبست کر کے رکھتیں۔ جب سے ہم نے ہوش سنبھالا ہے کبھی اپنے والدین کو جھگڑا کرنا تو دور کی بات باہم تکرار کرتے بھی نہیں سنا۔ والد صاحب بھی امی جان کی بہت دلداری کرتے۔ مگر امی جان بھی تو ان کا ہر طرح خیال رکھتی تھیں۔ امی کہا کرتی تھیں کہ حضرت سیدہ اماں جان کا ارشاد ہے کہ خاوند کا خیال رکھو۔ اس کی ضروریات کی طرف دھیان دو۔ اس کی پسند و ناپسند کا علم ہونا چاہئے۔ کبھی وہ کام یا بات نہ کریں جس سے خاوند کو غصہ آئے۔ ہمیشہ مؤدب رہیں۔ نتیجۃً وہ آپ سے محبت و شفقت سے پیش آئے گا۔ کہ تمہاری ضروریات کا خیال رکھے گا اور یہی کچھ ہم نے اپنے گھر میں دیکھا۔

چونکہ دادا جان محترم میاں محمد اسمٰعیل صاحب ہمارے خاندان کے سربراہ اور پہلے احمدی تھے۔ موضع جھول میں احمدیت کی بناء انہی کی وجہ سے پڑی مضبوط جماعت قائم ہوئی۔ صدر جماعت بھی آپ ہی تھے۔ اس لئے تمام مرکزی اور ضلعی مہمان ہمارے گھر ہی آتے تھے۔ ان سب کے کھانے وغیرہ اور بستروں، چارپائیوں اور چائے لسی کا انتظام نہایت خوش اسلوبی اور خوشی سے کرتیں اور مہمانوں کی خدمت کر کے بہت خوش ہوتیں۔ بعض دفعہ عین دوپہر کے وقت مہمان آ جاتے اور بعض دفعہ انتہائی رات گئے گاؤں میں بجلی تھی نہ گیس۔ اس کے باوجود امی جلدی سے ان کے لئے کھانے کا انتظام کرتیں اور کہا کرتی تھیں۔ مہمان خدا کی رحمت ہوتا ہے اور پھر وہ مہمان تو خاص طور پر خدا کی رحمت ہوتا ہے جو مرکز سے ضلع سے آئیں۔ کیونکہ وہ محض خدا کے لئے خدا کی جماعت کے کام کے لئے آتا ہے اس لئے اس کی خاص طور پر خاطر تواضع کرتیں۔ مہمان نوازی کی یہ عادت ربوہ میں جب ہمارے پاس رہتیں۔ کوئی آ جائے، کس وقت آ جائے تازہ کھانا حاضر اور کوشش ہوتی کہ مہمان کی پسند اور ناپسند کا خیال رکھا جائے۔ کہا کرتیں جب ہمارے مسیح موعود مہمانوں کی دلداری کرتے تھے ہم کیوں نہ کریں۔

آپ کی وفات مورخہ 25 فروری 2008ء کو ہوئی۔ اس موقع پر پر کچھ اجنبی عورتیں جنہیں ہم بالکل نہ جانتے تھے آئیں ہمارے ساتھ تعزیت کی۔ پوچھنے پر بتانے لگیں کہ ہماری آپ کی والدہ سے واقفیت اس طرح سے ہوئی کہ ایک دن دوپہر کو ہم جا رہی تھیں کہ پیاس محسوس ہوئی۔ ہم نے آپ کا دروازہ کھٹکھٹایا تو آپ کی امی نے کھولا۔ ہم نے پانی پلانے کو کہا۔ انہوں نے کہا اندر آ جائیں۔ پھر ہمیں بیٹھک میں بٹھایا۔ پنکھا چلایا اور نہایت محبت اور اصرار سے ہمیں پانی پلایا اور کہا کہ یہ کھانے وقت ہے کھانا بھی کھا لیں۔ باوجود ہمارے بار بار کے انکار کے انہوں نے یہی کہا کہ نہیں کھانے کا وقت پہلے کھانا کھا لیں اور کھلا کر بھیجا۔ بعض دفعہ امی جان کسی اجنبی عورت کو لئے گھر میں داخل ہوتیں۔ جب ہم پوچھتے یہ کون ہیں تو جواب دیتیں یہ کسی کا گھر ڈھونڈ رہی تھیں، مل نہیں رہا تھا۔ میں نے کہا میرے گھر آؤ، کھانا وغیرہ کھاؤ۔ پھر میرے بچے آپ کو متعلقہ مقام تک پہنچا آئیں گے۔

میری والدہ ابو کی دوسری بیوی تھیں۔ پہلی بیوی سے چار بیٹیاں تھیں۔ امی ان کے ساتھ نہایت ملاطفت، نرمی اور شفقت سے پیش آتیں کبھی انہیں یہ محسوس نہ ہونے دیا کہ وہ ان کی حقیقی بیٹیاں نہیں ہیں اور اللہ جزاء دے ہماری ان چاروں بہنوں کو بھی، انہوں نے بھی کبھی والدہ کے احترام میں کمی نہ کی۔ بہت خیال رکھتیں اور بہت خدمت کرتیں اور ہمارے ساتھ بھی بڑی شفقت سے پیش آتیں۔ کبھی انہوں نے ہمیں سوتیلے بہن بھائی نہ جانا۔ بلکہ حقیقی بہن بھائیوں کی طرح پیش آتیں اور یہی محبت انہوں نے آگے اپنی اولادوں کو بھی منتقل کی۔ ایک بڑی خوبی ہماری والدہ محترمہ میں یہ تھی کہ اگر کسی رشتہ دار سے کبھی کوئی اَن بن ہو جاتی تو اس کا چرچا گھر میں بچوں کے سامنے نہ کرتیں۔ تاکہ ان کے دلوں میں کدورت پیدا نہ ہو۔ بلکہ بچوں کو ان کے گھروں میں بھجواتیں۔ اگر کسی طرح بچوں کو معلوم ہوتا اور وہ کنی کتراتے تو یہی نصیحت فرماتیں کہ بڑوں کے معاملہ میں بچوں کو نہیں آنا چاہئے اور پھر جلد از جلد صلح کی طرف مائل ہوتیں۔ ناراضگی کو لمبا نہ کرتیں۔ ہر آنے جانے والے سے مسکرا کر ملتیں۔ جب ناراضگی ختم کرتیں تو پھر کبھی ذکر نہ کرتیں کہ کوئی بات ہوئی تھی۔

ہماری امی کو ہماری تعلیم اور تربیت کا بہت خیال تھا۔ چونکہ خود قادیان کے پاکیزہ ماحول میں حضرت اماں جان کے زیرسایہ پلی بڑھی تھیں۔ اس لئے سلسلہ کے وقار کا بہت خیال رکھتیں۔ وہیں سے کتب کا مطالعہ سیکھا۔ باوجود اَن پڑھ ہونے کے الفضل، تشحیذ اور مصباح کا مطالعہ خود کرتیں، بچوں سے کرواتیں۔ ہر جلسے اور اجلاس میں حاضر ہوتیں۔ بچوں کو ان کے پروگراموں میں بھجواتیں۔ جب ہم میں سے کوئی کسی مقابلے میں انعام لے کر لوٹتا تو ان کی خوشی دیدنی ہوتی۔ جب کسی بچے نے گھر سے باہر جانا ہوتا تو باہر کے دروازے تک آتیں۔ بہت دعاؤں سے رخصت کرتیں۔ جب واپس آتے پیشانی پر بوسہ دیتیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتیں کہ خیریت سے واپسی ہوئی ہے۔ آہ! آج ہم یہ محبت بھری نظری اور یہ لطیف دعائیں کہاں سے حاصل کریں گے۔ اے خدا! تو کبھی ان دعاؤں سے ہمیں محروم نہ کرنا اور ہمیشہ ہماری والدہ کی دعاؤں کا سایہ ہمارے سروں پر رکھنا اور انہیں ہمارے حق میں قبولیت فرمائے رکھنا۔ آمین

ہماری والدہ سرتاپا دعا تھیں۔ دو بجے شب گرمی ہو یا سردی بیدار ہو جاتیں۔ لمبی قراءت اور لمبے لمبے سجدے کرتیں۔ خدا کے حضور گریہ و زاری کرتیں۔ آپ کی دعاؤں میں وہ درد اور سوز ہوتا جو عرش تک پہنچتا۔ فجر کی نماز ادا کر کے تھوڑی دیر آرام فرماتیں۔ پھر بیدار ہو کر قرآن کریم کی تلاوت کرتیں اور یہ آپ کا روزانہ کا معمول تھا۔ اس میں سفر یا حضر اور بیماری کوئی بھی حارج نہ ہو سکتا۔ بچوں کو بھی باقاعدگی سے ہر نماز کے لئے بیت میں بھجواتیں۔ تلاوت قرآن کا خیال رکھتیں۔ پوتے، پوتیوں کو خود محبت سے لے کر بیٹھتیں انہیں پڑھاتیں، چھوٹی چھوٹی دعائیں یاد کرواتیں۔ نماز یاد کرواتیں۔ اس کا ترجمہ یاد کرواتیں۔

امی جان صرف شب زندہ دار نہ تھیں، صرف خدا کے حقوق ادا نہ کرتیں بلکہ حقوق العباد کی ادائیگی میں بھی آپ کا جواب نہ تھا۔ کسی سائل کو در سے خالی نہ جانے دیتیں۔ خاندان سے، محلّہ والوں سے، بڑوں سے چھوٹوں سے ہر ایک سے شفقت سے پیش آتیں۔ ہر ایک کے مقام اور مرتبہ کا خیال رکھتیں۔ یہی وجہ ہے کہ جو بھی تعزیت کے لئے آیا امی جان کی تعریف میں رطب اللسان تھا۔ امی جان، حضرت اماں جان اور حضرت مولانا شیر علی صاحب کی بہت معتقد تھیں۔ اکثر ان کے واقعات سناتیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اور حضرت آپا منصورہ بیگم صاحبہ کی محبتوں کا دلنشیں تذکرہ ہوتا۔ حضور کی شفقتوں کو یاد کر کے اکثر پُرآب ہو جاتیں۔ امی جان لمبے سفر سے تھک کر آتیں یا بیماری کے ہاتھوں مجبور ہوتیں پھر بھی کھڑے ہو کر نماز ادا کرتیں۔ جب کہنا امی جان سفر سے آئی ہیں یا آپ بیمار ہیں بیٹھ کر نماز پڑھ لیں۔ تو جواب دیتیں۔ جب سے میں نے حضور کو خطبہ میں فرماتے سنا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہو کر نماز ادا فرمایا کرتے تھے۔ اس کے بعد میں کبھی بیٹھ کر نماز نہیں پڑھتی۔ بلکہ کھڑی ہو کر ہی پڑھتی ہوں اور پڑھوں گی۔ رسول اللہ ﷺ کے تو کھڑے کھڑے پاؤں سوج جاتے تھے۔ تو کیا میں تھوڑی دیر بھی آپ کی محبت کی وجہ سے کھڑی نہیں ہو سکتی۔ تو کھڑے ہو کر نماز ادا کرتیں اور میں بلا مبالغہ کہہ سکتا ہوں نمازوں میں ایسا انہماک اور توجہ ہوتی اور ایسی انابت الی اللہ ہوتی کہ میں سوچتا کہ میں جوان ہو کر کیوں اس طرح عبادت نہیں کر سکتا جس طرح میری والدہ محترمہ بڑھاپے میں کرتی ہیں۔

نمازوں کے علاوہ چندوں کی ادائیگی میں بھی باقاعدگی تھی۔ چونکہ موصیہ تھیں۔ اس لئے بڑی فکر اور توجہ کے ساتھ چندہ کی ادائیگی کرتیں۔ اس کے علاوہ لجنہ کے چندہ جات بھی باقاعدگی سے ادا کرتیں۔ بچوں سے بھی ماہ بہ ماہ پوچھتیں کہ چندہ دے دیا ہے یا نہیں۔ پھر ان سے چندہ دلواتیں۔ کوئی جماعتی تحریک ہو بھرپور حصہ لیتیں۔ اجلاسات میں باقاعدگی سے جاتیں۔ وہاں کی روداد گھر آ کر بچوں کو سناتیں۔

خلافت سے آپ کو انتہائی عقیدت اور پیار تھا۔ جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خطابات کیسٹس کے ذریعہ آنے لگے تو باقاعدگی سے سنتیں اور پھر جب ڈش کے ذریعہ آنے لگے تو پہلے ہی سارے کام سمیٹ لیتیں تاکہ خطبے کے دوران اٹھنا نہ پڑے اور سارے بچوں کو بھی تلقین کرتیں کہ خطبہ شروع ہونے سے پہلے ہی T.V کے آگے آ کر بیٹھو، فرماتیں جو نعمت غیروں نے ہم سے چھیننا چاہی خدا نے اسے ہمارے گھروں میں پہنچا دیا ہے اس لئے اس سے بھرپور استفادہ کرنا چاہئے اور پھر بعد میں گفتگو کے دوران حضرت صاحب کے خطبہ کا حوالہ دیتیں۔ ہمارے دلوں میں خلافت کی محبت اور احترام ہماری پیاری والدہ کا دلنشیں تحفہ ہے۔ امی جان کو قرآن کریم اور احادیث میں بیان فرمودہ اکثر دعائیں یاد تھیں۔ ان کا ترجمہ بھی پڑھتیں۔ جس رات آپ کی وفات ہوئی ہے اس رات بھی آپ یہ دعائیں پڑھتے ہوئے سوئی تھیں۔

اے ہمارے خدا ہمارے گناہ بخش ہم خطا پر تھے۔

اے میرے رب! مغفرت فرما اور آسمان سے رحمت نازل فرما۔

اے میرے رب مجھے دکھا کہ تو مردے کیونکر زندہ کرتا ہے۔

اے میرے رب آسمان سے میری بخشش اور رحم کے سامان نازل فرما۔

"اے میرے رب مجھ پر رحم فرما کہ تیرا فضل اور تیری رحمت عذاب سے نجات دیتے ہیں۔ اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہماری بلاؤں کو دور فرما اور تکالیف کو بھی اور ہمارے دلوں کو ہر قسم کے غموں سے نجات بخش اور ہماری مصیبتوں میں ہمارا کفیل بن جا اور ہم جہاں بھی ہوں ہمارے ساتھ ہو۔"

جب قاتل آپ کو زخمی کر کے گیا ہے شدید زخمی ہونے کے باوجود ہائے وائے نہیں کر رہی تھیں۔ بلکہ زیر لب دعا کر رہی تھیں۔ جب اطلاع ملنے پر چھوٹا بھائی پہنچا تو اسے بھی صبر اور حوصلہ اور خدا کی رضا پر راضی رہنے کی تلقین کی۔ آپ بہت ہی متوکل علی اللہ خاتون تھیں۔ اسی کو قادر اور مالک سمجھتی تھیں اور رسموں سے سخت نفرت اور بیزاری کا اظہار کرتیں۔

ایک دفعہ مشہور ہوا کہ فلاں عورت کو جن ہیں۔ امی جان بھی دیکھنے گئیں۔ آپ کو دیکھتے ہی محسوس ہوا کہ یہ فراڈ اور دھوکہ ہے اور پھر اس کا اظہار بھی کر دیا کہ کوئی جن وغیرہ نہیں۔ یہ محض سادہ لوح انسانوں کو بیوقوف بنا کر لوٹنے کا طریقہ ہے۔ اس پر وہ صاحب کہنے لگے توبہ کرو توبہ، ورنہ اس گستاخی پر جن تمہارے کسی بچہ کی جان بھی لے سکتے ہیں۔ امی جان نے غیرت ایمانی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرمایا میں کسی ایسے جن کو نہیں مانتی جو مظلوم عورتوں پر قبضہ کر کے سادہ لوح انسانوں کو بیوقوف بنا کر ان کا دھن دولت لوٹتے ہیں اور تم ایک بچے کی بات کرتے ہو میں تو اللہ کی خاطر سب بچوں کو قربان کرنے کے لئے تیار ہوں۔ مگر تمہارے ہتھکنڈوں اور فریبوں میں آنے والی نہیں۔

جب میں نے میٹرک کا امتحان دیا۔ جامعہ احمدیہ میں داخلہ لینا تھا۔ گھریلو حالات کی وجہ سے (ابو فوت ہو چکے تھے) کسی بزرگ نے مشورہ دیا کہ اسے جامعہ داخل نہ کروائیں بعد میں کسی اور بچہ کو داخل کروا دیں اور اسے کسی کام پر لگائیں تا گھریلو مشکلات دور ہو سکیں۔ امی جان نے جواب دیا۔ ہم نے اسے خدا کے دین کے لئے وقف کیا ہے۔ یہی جامعہ جائے گا اور تعلیم حاصل کر کے خدمات دینیہ بجا لائے گا۔ جہاں تک گھریلو مشکلات کا تعلق ہے۔ آپ سے زیادہ میرا خدا ہمارے معاملات کو دیکھتا اور جانتا ہے وہ خود ہی کوئی حل نکالے گا اور پھر واقعی اللہ تعالیٰ نے امی کی بات کو درست ثابت کیا۔ خدا خود ہمارا متکفل بنا۔ اسی نے مشکلات آسان کیں اور ہر قدم پر ہمارا ساتھ دیا۔

1997ء میں جب ایک مذہبی کیس کے نتیجہ میں مجھے عمر قید ہوئی اور میں جیل گیا۔ تو غیر از جماعت رشتہ دار اور دوسری خواتین افسوس کرنے گھر آئیں۔ تو امی جان نے کہا۔ افسوس کیسا۔ میرا بیٹا تو مذہب حقہ کی خاطر سلاخوں کے پیچھے گیا ہے اور مجھے اس پر خوشی اور فخر ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے میرے بیٹے کو قربانی کے لئے چنا ہے۔ گھر میں میری اہلیہ اور بچوں کی بھی ڈھارس بندھاتیں۔ پہلے بزرگان نے جو دین کی خاطر قربانیاں دیں ان کے واقعات سناتیں خود خدا کے حضور دعائیں کرتیں اور بچوں کو بھی خدا کے حضور ہی جھکنا سکھاتیں۔ ملاقات کے لئے جیل آتیں تو مجھے بھی حوصلہ اور ہمت سے یہ وقت گزارنے کی تلقین کرتیں۔ کسی بھی لمحے میں نے والدہ کے چہرہ پر فکر اور غم کے سائے نہ دیکھے۔ ہمیشہ جرأت اور بہادری کا جلوہ دیکھا۔ آہ! ہمیں کیا پتہ تھا کہ ہماری والدہ جو ہمیں جرأت اور بہادری کا درس دے رہی ہیں خود بھی اسی بہادری اور جرأت سے جان کا نذرانہ مولیٰ کے حضور پیش کر دیں گی۔

امی جان محترمہ بہت بہادر خاتون تھیں۔ ایک دفعہ گھر میں نہایت زہریلا سانپ نکل آیا۔ سب ڈر کر بھاگے۔ مگر امی جان نے بڑی جرأت سے اس کا کام تمام کر دیا اور ایسا تین بار ہوا۔ اسی طرح جب ایک دفعہ ایک چور ہمارے ہاں آیا اور بڑے بھائی سے گتھم گتھا ہوا تو امی جان نے آگے بڑھ کر اس کا ایسا علاج کیا کہ دم دبا کر بھاگ گیا۔

امی جان کو اپنی زندگی میں بے شمار صدمات کا سامنا کرنا پڑا۔ سب کو حوصلے سے برداشت کیا۔ خاوند فوت ہوا۔ جوان بیٹا شادی کے چند دن بعد گہری چوٹ کھا کر زخمی ہوا۔ لمبے علاج کے باوجود جانبر نہ ہو سکا۔ ایک جوان بیٹی فوت ہوئی۔ کبھی صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ بس ایک ہی جملہ کہتیں۔ ہم سب اللہ کے ہیں اور اسی کی طرف جانے والے ہیں۔ بلکہ ابو کی وفات پر تو ہم سب بہن بھائیوں سے بھی کہا۔ کہ تمہارا والد فوت ہوا ہے۔ مگر تمہارا خدا زندہ ہے۔ اگر تم اس کے فرمانبردار رہو گے تو وہ ہمیشہ تمہارا ہو گا۔

امی جان میں دکھاوا اور اسراف جیسی عادات نہ تھیں۔ سادہ دل، سادہ مزاج اور سلیقہ مند خاتون تھیں۔ ہر حال میں خوش رہنا، اور عسر یسر میں وقار کے ساتھ وقت گزارنا آپ کی خوبی اور ہنر مندی تھی۔ تنگی ترشی میں شکایت نہ کرتیں۔ ہر حال میں بچوں کو راضی برضا رہنے کی تلقین کرتیں۔ قرض اور سوال کرنے سے حتی الامکان بچتیں۔ ہاں ایک ہی در تھا جس سے سوال ہو سکتا تھا۔ جس سے مانگا جا سکتا۔ وہ مولیٰ کا دربار تھا۔ وہاں سوال کرتیں اور خوب نہال ہوتیں۔ ابو کا انتقال ہو چکا تھا۔ آمدن کوئی خاص نہ تھی۔ پھر بھی سب بچوں کو پڑھایا۔ سب کی شادیاں کیں۔ لیکن کسی ایک کی شادی پر بھی قرض نہ لیا۔ جہاں ایک دفعہ گئیں بات پکی کر آئیں۔ بغیر لگی لپٹی رکھے تمام حالات بتا آتیں۔ جس کے نتیجہ میں سب کی شادی آرام سے ہو گئی اور سب اپنے اپنے گھروں میں خوش و خرم ہیں اور قرض کے وبال سے بھی بچ گئے۔ قرآن کریم کا یہ قول ہمارے حق میں بھی پورا ہوا کہ اگر تم سچ سے کام لو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری کمزوریوں پر پردہ ڈال دے گا اور تمہارے سارے کاموں کی وہ خود اصلاح کر دے گا۔ امی جان کی پانچ بہوئیں ہیں۔ امی پانچوں سے خوش تھیں۔ پانچوں امی جان سے خوش تھیں۔ ہر ایک کی خواہش ہوتی کہ امی جان ہمارے پاس رہیں۔ سب کہتی ہیں کہ اللہ ایسی ساس سب کو دے۔ ہم کہتے ہیں اللہ ایسی والدہ سب کو دے۔

جب امی جان کا جنازہ دار الضیافت لایا گیا۔ اتنا رش تھا۔ کہ دیدہ باید، ایک مسکراہٹ تھی جو چہرہ کا ہالہ بنی ہوئی تھی۔ بہت ہی خوبصورت لگ رہی تھیں۔ ایک بزرگ خاتون کہنے لگیں۔ گلنار کتنی خوبصورت لگ رہی ہے۔ تو دوسری نے کہا وہ کب خوبصورت نہ تھیں۔ چہرے پر مسکراہٹ دیکھ کر یوں معلوم ہوتا تھا کہ وہ مولیٰ کی ملاقات کے لئے خوشی خوشی قدم بڑھا رہی ہیں اور ہمیں بھی پیغام دے رہی ہیں کہ ہمیشہ خوش رہنا۔ کسی طرح بھی لگ نہیں رہا تھا کہ زخمی ہوئے 36 گھنٹے گزر چکے ہیں۔ بلکہ یوں معلوم ہو رہا تھا شہزادی جیسے کوئی سو رہی ہیں۔ بیت مبارک میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے نماز جنازہ پڑھائی۔ موصیہ تھیں۔ بہشتی مقبرہ میں مدفون ہوئیں۔ تدفین کے موقعہ پر بھی حضرت میاں صاحب نے ہی دعا کروائی۔

مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم
تو نے وہ گنج ہائے گراں مایہ کیا کئے

اللہ کرے کہ ہم میں اپنی والدہ کی تمام خوبیاں آ جائیں اور ہم ہمیشہ اپنی والدہ کی دعاؤں سے فیضیاب ہوتے رہیں۔ اور ہماری والدہ پر ہمیشہ ہمارا مولیٰ اپنی رحمت کی چادر اوڑھائے رکھے۔ ان کی مغفرت فرمائے اور ہماری طرف سے ان کی روح خوش رہے۔ آمین

☆......☆......☆

# دعا کی دولت

ہر ایک رنج و الم سے نجات دیتی ہے
دعا تو فکر و مصائب کو مات دیتی ہے

جب اضطراب میں ہوتا ہے بندۂ مومن
تو اس کے دل کو قرار و ثبات دیتی ہے

اسی سے روح کو حاصل دوام ہوتا ہے
یہی تو مُردہ دلوں کو حیات دیتی ہے

دعا سے جوش میں آتی ہے رحمت باری
یہ آدمی کو غموں سے نجات دیتی ہے

ہر ایک درد کا درماں دعا کی دولت ہے
یہ زندگی کو سرور و لذات دیتی ہے

وہ اپنے پیاروں کو اجر عظیم دیتا ہے
یوں بے حساب ثمر اُس کی ذات دیتی ہے

**عبدالصمد قریشی**

# واقفین عارضی کی مساعی اور تاثرات

مرسلہ: قائد تعلیم القرآن و وقف عارضی مجلس انصار اللہ پاکستان

**مکرم مولوی احمد صادق صاحب محمود نزائن گنج مشرقی پاکستان سے تحریر فرماتے ہیں:۔**

”خاکسار کا یہ احساس ہے کہ یہاں دوستوں میں استفادہ کا قابل قدر جذبہ پایا جاتا ہے اور اپنے بچوں کو دینی تعلیم دلانے کا بے حد شوق ہے وقف عارضی کی یہ برکت ہے کہ خاکسار کو رمضان کے یہ چند ایام یہاں گزار کر بہت ہی حقیر خدمات بجالانے اور اس کے بدلے بے پناہ روحانی تسکین حاصل کرنے کا نادر موقعہ ملا ہے۔

**مکرم سید انور احمد صاحب محمود آباد فارم ضلع تھرپارکر سے تحریر فرماتے ہیں:۔**

”مجھے واقعی احساس ہے کہ مجھ میں کوئی ایسی اچھائی نہ تھی جس سے یہاں کی جماعت کوئی فائدہ اٹھاتی بہر حال میں وقف عارضی کے نظام کا شکر گزار ہوں کہ اس کی وجہ سے مجھے موقعہ ملا کہ گھر سے دور ایک خاص ماحول ہے اور ایک چھوٹی سی جماعت میں جا کر میں نے سلسلہ کے لئے محبت و اخوت کے جذبات دیکھے۔“

**مکرم محمد اکرام صاحب اطہر لاہور لکھتے ہیں کہ:۔**

”خدا تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ مجھ سے اپنی کم بساط کم مائیگی کی وجہ سے بہت سی غلطیاں ہوئی ہیں ہاں آپ کی دعاؤں کے مطابق اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اللہ تعالیٰ کے آستانہ پر رو رو کر یہ دعا کرتا رہا ہوں مجھے پوری طرح یقین ہے۔ میرا غفور و رحیم خدا تعالیٰ ضرور انقلاب پیدا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کنجروڑ کی بستی پر رحم فرما کر اس میں سے ایسے لوگ پیدا کر کہ جن کے دلوں میں تیری محبت و عظمت اور خوف ہو اور جو تیرے محبوب اور تیرے مسیح موعود کے سچے ہوں۔“

**مکرم عبدالباسط صاحب صدر جماعت احمدیہ لوپریوالہ لکھتے ہیں:۔**

الف۔”میرے ساتھی محمد علی صاحب کہنے لگے کہ ان لوگوں کی تربیت تو بڑی مشکل ہوگی میں نے عرض کی کہ میاں صاحب اگر ہم نے تربیت کرنی ہوتی تھی تو واقعی مشکل تھی لیکن تربیت تو خدا تعالیٰ نے کرنی ہے اور ہم نے تو صرف لہو لگا کر شہیدوں میں شامل ہونا ہے اس کی تکمیل خدائی تقدیر آسمان سے سیدنا حضرت مسیح موعود کی زبان سے بدیں الفاظ کروا رہی ہے

بہ مفت ایں اجر نصرت را دہندت اے اخی ورنہ
قضائے آسمانست ایں بہر حالت شود پیدا

ب۔ ہمارے ان بھائیوں کے علاوہ غیر از جماعت دوست بھی اس مبارک تحریک سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکے۔ چنانچہ وہ کہتے تھے کہ دیکھو ان مرزائیوں میں کس قدر باہمی محبت اور تنظیم ہے کہ اپنا کھانا خود پکا کر اپنے خرچ پر اپنے بھائیوں کی تربیت کر رہے ہیں۔

**مکرم حمید احمد صاحب ظفر لاہور لکھتے ہیں:۔**

”وقف کے دوران اپنے نفس کے محاسبہ کا بہتر موقعہ ملا آج میں اپنے آپ کو بہت بدلا ہوا پاتا ہوں۔“

**مکرم چوہدری محمد اشرف صاحب لاہور تحریر فرماتے ہیں:۔**

”مجھے تو زمین زرخیز ہی نظر آتی ہے میرا تو خیال ہے کہ اگر کوئی احمدی غیر از جماعت بچوں کو بھی پڑھائے تو نہایت اچھے نتائج پیدا ہو سکتے ہیں ان لوگوں کے دل اچھا اثر قبول کریں گے۔ یہ کہہ دینا کہ لوگ پرواہ نہیں کرتے درست نہیں۔“

**مکرم بشیر احمد صاحب راولپنڈی تحریر فرماتے ہیں:۔**

”خاکسار نے اس تحریک عارضی وقف کو بہت پسند کیا یہ تحریک واقفین کی اپنی روحانیت کے لئے بھی بہت مفید ہے خاکسار حضور کی خدمت میں اپنے آپ کو دو ہفتہ کے لئے ہر سال ماہ اکتوبر میں زندگی بھر پیش کرتا ہے۔

(الفضل 18 جون 1967ء)

**مکرم اقبال احمد صاحب نجم لکھتے ہیں:۔**

جب خود گرمی اور شدید گرمی میں کھانا تیار کرتے تو جہاں ایک طرح کا روحانی فائدہ حاصل ہوتا وہاں لوگوں پر بھی اچھا اثر پڑتا کہ احمدیوں کے مولوی کام بھی کرتے ہیں اور اپنا کھانا بھی آپ پکاتے ہیں ایک دن ناشتہ تیار کرتے ہوئے میری کلائی پر سے کچھ حصہ جل گیا۔ خدا کی قسم جوں جوں تکلیف ہوتی تھی ایک عجیب قسم کا روحانی سرور اور کیف محسوس ہوتا تھا اور خوشی محسوس ہوتی تھی خدا تعالیٰ کی راہ میں کچھ قربانی کرنے کا موقع مل رہا ہے۔

خاکسار ہومیو پیتھی کی دوائیں بھی ساتھ لے گیا تھا۔ چنانچہ 25 مریضوں کو 60 مرتبہ دوائیاں مفت دی گئیں۔ اس خدمت خلق کے کام میں احمدی یا غیر از جماعت احمدی کوئی تمیز نہ ہوتی تھی تمام گاؤں کے لئے ڈسپنسری فری تھی اور چوبیس گھنٹے ہماری خدمات حاضر تھیں ان دواؤں سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑے اچھے نتائج نکلے۔

**مکرم خان محمد صاحب گوندل لکھتے ہیں:۔**

حضور! رکھ چراگاہ کی جماعت چھوٹے چھوٹے 9 گھروں پر مشتمل ہے اللہ تعالیٰ کے فضل سے سب صاحب حیثیت ہیں کثرت نئے احمدیوں کی ہے۔ لیکن ان کی معلومات دینی یہاں کے پیدائشی احمدیوں سے کہیں زیادہ ہیں۔ چندہ جات تقریباً سو فیصدی ہیں اور جماعتی تحریکوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ جماعت باہم متحد ہے اور پوری طرح بیدار ہے۔“

**مکرم بدیع الزمان صاحب میمن سنگھ (بنگلہ دیش) لکھتے ہیں۔**

”رات دن مذہبی اور دینی کام میں مصروف رہے تہجد کی نماز اور قرآن شریف پڑھنے میں وقت گزرتا رہا۔ حضور دعا فرمائیں کہ آئندہ بھی وقف عارضی میں نام دینے کی اللہ تعالیٰ توفیق عطا فرمائے۔ آمین

**مکرم افضل احمد صاحب گوئیکی لکھتے ہیں:۔**

”مجموعی طور پر ہم نے محسوس کیا ہے کہ وقف عارضی کا اثر اللہ تعالیٰ کے فضل سے نہایت پائیدار ہوگا اس سے ایک انقلاب سا پیدا ہو رہا ہے۔

**واقفین کے وفد واپس جانے کے بعد جماعت احمدیہ بارہ موسیٰ کے صدر صاحب لکھتے ہیں:۔**

”حضور کی جاری کردہ وقف عارضی کی تحریک بڑی اچھی ہے اس سے سوئی ہوئی جماعت جاگ اٹھی ہے۔ امید ہے کہ اسی طرح کام کو جاری رکھنے سے بہت اچھے نتائج برآمد ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کام کا خود حافظ و ناصر ہو۔“

(الفضل 10 اگست 1967ء)

**ایک دوست لکھتے ہیں:۔**

”خاکسار بے شمار کمزوریوں کے باوجود حضور کے ارشاد کے مطابق کھانا خود تیار کرو کے تحت آٹا اور دیگر دیگر خوردنی اشیاء ساتھ لے گیا تھا۔ اپنے ہاتھ سے روٹی تیار کرتا رہا حالانکہ مقامی جماعت کی طرف سے بار بار اصرار کیا گیا چونکہ میانوالی ہمارے نزدیک ہونے کی وجہ سے اکثر دوست واقف تھے۔ اس لئے بھی زیادہ اصرار سے کھانا کھانے کو کہا جاتا رہا مگر پھر دوست حضور کے اس ارشاد کی طرف توجہ دلانے پر خاموش ہو جاتے ایک دن میں کھانا تیار کر رہا تھا کہ ایک ہمارے گاؤں کے نزدیک کا ایک واقف مولوی آ پہنچا۔ دیکھ کر بہت حیران ہوا۔ میرا منہ دوسری طرف تھا نہ رہ سکا پوچھا کہ کیا ہو رہا ہے جواباً بتایا کہ حکم کی تعمیل ہے یہ سن کر چپ ہو گیا تو میں سمجھتا ہوں کہ خود کھانا تیار کرنے میں بہت برکت ہے اس لئے ہر دوست جو وقف عارضی پر جائے اس کو کھانا خود تیار کرنا چاہئے اس سے دیکھنے والے پر بہت اچھا اثر ہوتا ہے۔

**مکرم محترم میاں ناصر علی صاحب لکھتے ہیں:۔**

”واقف عارضی کی الٰہی تحریک فی الواقعہ اپنے تمام پہلوؤں سے بے حد مبارک ہے اللہ کریم ہم سب کو بہ طیب خاطر اس میں حصہ لینے کی توفیق بخشے اور ہمارے محسن اور کریم آقا کی شفقت نگاہ اور درد بھری دعائیں ہمارے شامل رہیں۔“ آمین

**مکرم رائے عبداللطیف صاحب گوجرہ سے لکھتے ہیں:۔**

”دو دوستوں کو خدا تعالیٰ نے بیعت سلسلہ کی توفیق دی۔ اللہ تعالیٰ انہیں استقامت بخشے۔ آمین ثم آمین۔

دونوں مقررہ مقامات پر بچوں کو قرآن کریم پڑھاتا رہا اور دونوں جگہ نماز باجماعت کا اہتمام کیا۔ دوسرے دوستوں کو بھی دعوت الی اللہ کا بہت موقع ملتا ہے۔ میرا وقف دو ہفتہ سے بڑھا کر چار ہفتہ کر دیں کیونکہ یہاں کام بہت اچھا اور کامیاب رہا ہے امید ہے اور دوست بھی بیعت کریں گے دعا بھی فرماتے رہیں۔“

**مکرم محمد منظور احمد صاحب ایڈووکیٹ کوٹلی آزاد کشمیر لکھتے ہیں:۔**

”اپنے علاقہ کے ایک غیر از جماعت دوست بھی یہاں ملازمت کے سلسلہ میں رہے ہیں ان سے بھی ملاقاتیں ہوئیں انہوں نے طعام وغیرہ کی اور رہائش کی پیشکش کی لیکن جب انہیں بتایا گیا کہ میں یہاں وقف عارضی کے سلسلہ میں آیا ہوں اور کیا کیا پابندیاں ہیں اور میں نے کس غرض کے لئے وقف عارضی کیا ہے تو ان پر اس کا بڑا اثر ہوا ان کو تالیف قلب کی خاطر میں نے کہا کہ میں آپ کی دعوت قبول نہیں کر سکتا البتہ آپ کو میری دعوت کھانے میں کوئی امر مانع نہیں ہے اس لئے آپ میری طرف سے کھانا وغیرہ کھائیں تا کہ ہم اکٹھے بیٹھ کر چند لمحات گزار سکیں اور ان کے انکار اور اصرار کے باوجود ان کو میری تجویز قبول کرنی پڑی اس طرح جو وقت ملا۔ اس میں دین دنیا، قوم، ملک اور ذاتی انفرادی و اجتماعی مسائل پر ہمدردانہ گفتگو کی گئی۔ جس کا بہت اچھا اثر ہوا اس طرح دیگر غیر از جماعت دوستوں نے بھی جب دریافت فرمایا کہ آپ کس طرح آئے ہیں تو ان کو وقف عارضی کی تحریک سے آگاہ کیا گیا۔ جس سے وہ لوگ بہت متاثر ہوئے۔

(الفضل 7 اکتوبر 1972ء)

**مکرم مرزا ارشد بیگ صاحب بہاولپور لکھتے ہیں:۔**

”احباب جماعت کو نماز باجماعت ادا کرنے کی تلقین کی۔ تقاریر اور کیسٹس کے ذریعہ اصلاح و تربیت کی کوشش کی۔ چک نمبر 66/D.B کے تھوری قوم کے کچھ ہندو گھرانوں کو بھی پیغام حق پہنچایا۔ قرآن کریم اور ملفوظات کا درس دیا جاتا رہا بفضل اللہ تعالیٰ نماز

باجماعت ادا کرنے والوں کی حاضری میں نمایاں اضافہ ہوا۔ نماز تہجد ادا کرنے اور کثرت سے دعائیں کرنے کی توفیق پائی۔ بہاولپور شہر کے علاوہ بعض جماعتوں کا دورہ کرکے اصلاح وارشاد کا کام کیا۔

### مکرم مسعودالحسن صاحب ثقفی دارالرحمت وسطی ربوہ، بھیرہ میں اپنا وقت عارضی پورا کرنے کے بعد لکھتے ہیں:۔

''خداتعالیٰ کے فضل وکرم سے اس عرصہ میں باقاعدہ نماز تہجد ادا کرنے کا موقع ملا۔ احباب کو بیت میں آ کر نمازیں باجماعت ادا کرنے کی تحریک کی۔ ایک ناخواندہ خادم کو قرآن کریم پڑھایا۔ اطفال کی تعلیم القران کلاس جاری کی۔ خدام و اطفال سے انفرادی ملاقاتیں کرکے انہیں تربیتی امور کی طرف متوجہ کیا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ خاکسار کو اپنی تربیت کرنے کا بہت ہی اچھا موقع اور ماحول میسر آیا''۔

### مکرم بشیر حسین صاحب تنویر آف فیصل آباد چک نمبر 125 ر۔ب لدھڑ میں اپنا وقف عارضی گزارنے کے بعد تحریر کرتے ہیں:۔

''احباب کو نماز باجماعت ادا کرنے اور قرآن کریم کی تلاوت کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ تعلیم القرآن کلاس لگا کر سبق دیا جاتا رہا۔ اس دوران عاجز کو اپنی اصلاح کا موقع نصیب ہوا۔ حضرت مسیح موعود اور سلسلہ کی دیگر کتب کے مطالعہ اور قرآن کریم کی بعض سورتوں کے حفظ کرنے کی توفیق پائی۔ دعاؤں کا بھی خوب موقع ملا۔''

### مکرم علی محمد صاحب ننگلی آف 96 رگ۔ب صریح فیصل آباد لکھتے ہیں:۔

''روزانہ بعد نماز فجر بچوں کو قرآن کریم پڑھایا جاتا رہا۔ اس کلاس میں 25 طفل شامل ہوتے تھے۔ احباب کو باجماعت نمازیں ادا کرنے کی تلقین کی۔ انفرادی ملاقاتیں کرکے اصلاح وتربیت کا کام کیا۔ تین دیہات کے دورے کرکے پیغام پہنچانے کی توفیق پائی۔ وہ دوست جو نماز نہیں جانتے تھے انہیں نماز یاد کروائی۔''

### مکرم ہدایت اللہ صاحب سلطان پورہ لاہور میں وقف عارضی کرنے کے بعد لکھتے ہیں:۔

''عاجز کو باجماعت باقاعدگی سے نمازیں ادا کرنے کی توفیق ملی۔ قرآن کریم کی آخری سورتوں کا درس دیا گیا۔ حدیث نبوی ﷺ کا درس جاری کیا گیا۔ خاکسار کے لڑکے نے اخبار الفضل، ماہنامہ انصاراللہ، انگریزی رسالہ ریویو آف ریلیجنز اور اخبار ''لاہور'' اپنے خرچ پر جاری کرائے۔ بعض احباب کو باقاعدہ چندہ جات ادا کرنے کی طرف بھی توجہ دلائی۔''

### مکرم ناصر محمود صاحب آف چک نمبر 36 جنوبی ضلع سرگودھا چک نمبر 35 میں اپنا وقف عارضی گزارنے کے بعد لکھتے ہیں۔

''خاکسار روزانہ گھر گھر جا کر نماز فجر کے لئے تحریک کرتا رہا، انصار، خدام اور اطفال کو قرآن کریم ناظرہ اور نماز سکھائی گئی۔ چھ اطفال کو قاعدہ یسرنا القرآن بھی پڑھایا۔ خدام اور اطفال کو بعض تربیتی امور کی طرف بھی توجہ دلائی مثلاً ایک دوسرے سے آپس میں ملتے ہوئے السلام علیکم کہنا، سچ بولنا اور اپنے آپ کو اخلاق میں ڈھالنا۔ بعد نماز فجر قرآن کریم کا اور بعد نماز عشاء باقاعدگی کے ساتھ درس دیا جاتا رہا۔''

### محترمہ امۃ الحفیظ فوزیہ صاحبہ بنت میجر عبدالحمید صاحب ومحترمہ سلیمہ صاحبہ اہلیہ چوہدری غلام یٰسین صاحب دارالصدر شمالی ربوہ اپنا دو ہفتے کا وقف عارضی پورا کرنے کے بعد لکھتی ہیں:۔

اس عرصہ میں 24 مستورات سے رابطہ قائم کرکے انہیں فجر کے وقت قرآن کریم کی تلاوت کرنے کی تلقین کی۔ نمازیں باقاعدگی کے ساتھ ادا کرنے کی تحریک کی صد سالہ جوبلی کی دعائیں حفظ کرنے کی طرف توجہ دلائی۔ بچوں کو بھی بیت الذکر میں نمازوں کی ادائیگی کے لئے بھجوانے کی تحریک کی۔''

### محترمہ نذیر بیگم صاحبہ اور محترمہ سکینہ بی بی صاحبہ آف گھٹیالیاں خورد ضلع سیالکوٹ اپنا وقف عارضی کا عرصہ پورا کرنے کے بعد لکھتی ہیں:۔

''ہم دونوں گھر گھر جا کر عورتوں کو دینی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی تلقین کرتی رہیں۔ باقاعدگی کے ساتھ نماز ادا کرنے کی تحریک کی۔ ایک بار نماز تسبیح بھی پڑھائی۔ عورتوں کو سیرت آنحضرت ﷺ کا درس دیا۔ آپس میں اتفاق اور مل جل کر رہنے کی تحریک کی۔ ایک دوسرے کے جذبات کا احترام کرنے اور خدمت دین کی طرف توجہ دلائی۔''

